No. of Printed Pages : 7 **BUDC-104**

# B.A. (Hons.) (Urdu)
# (BAUDH)

## Term-End Examination

## June, 2026

## BUDC-104 : Jadeed Urdu Ghazal ka Mutala

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ: سبھی حصّوں سے تمام سوالوں کے جواب لکھئے اور سوالوں کے نمبرات ان کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ 'الف')

۱۔ پروین شاکر کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجیے۔ ۱۰

یا

منچندا بانی کی حیات وخدمات پر روشنی ڈالئے۔

۲۔ خلیل الرحمٰن اعظمی کی غزل گوئی پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۰

یا

ناصر کاظمی کی حیات وخدمات پر روشنی ڈالئے۔

۳۔ یگانہ چنگیزی کی غزل گوئی پر اظہار خیال کیجئے۔ ۱۰

یا

کلیم عاجز کی حیات وخدمات بیان کیجئے۔

(حصہ 'ب')

۴۔ علامہ اقبال کی غزل گوئی سے بحث کیجیے۔ ۱۵

یا

جدید غزل کی خصوصیات و امتیازات بیان کیجیے۔

۵۔ احمد فراز کے سوانحی احوال و کوائف بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی سے بحث کیجیے۔ ۱۵

یا

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:

نگہ کی برچھیاں جو سہہ سکے، سینا اسی کا ہے
ہمارا آپ کا جینا نہیں، جینا اسی کا ہے

یہ بزمِ مے ہے، یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی

جو بڑھ کر خود اٹھا لے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے

مکدر یا مصفا، جس کو یہ دونوں ہی یکساں ہوں

حقیقت میں وہی مے خوار ہے، پینا اسی کا ہے

امیدیں جب بڑھیں حد سے، طلسمی سانپ ہیں زاہد

جو توڑے یہ طلسم اے دوست ! گنجینا اسی کا ہے

کدورت سے دل اپنا پاک رکھ اے شادؔ پیری میں

کہ جس کو منہ دکھانا ہے یہ آئینا اسی کا ہے

(حصہ 'ج')

۶۔ جدید غزل کے ارتقاء پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ ۲۰

یا

فراق گورکھپوری کی حیات و خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی غزل گوئی سے مفصل بحث کیجئے۔

۷۔ معین احسن جذبی کی حیات و خدمات اور ان کی غزل گوئی کے حوالے سے تفصیلی مضمون قلمبند کیجئے۔ ۲۰

یا

مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے:

یوں ترے حسن کی تصویر غزل میں آئے
جیسے بلقیس سلیماں کے محل میں آئے

جبر سے ایک ہوا ذائقہء ہجر و وصال
اب کہاں سے وہ مزا صبر کے پھل میں آئے

یہ بھی آرائش ہستی کا تقاضا تھا کہ ہم
حلقہء فکر سے میدان عمل میں آئے

ہر قدم دست و گریباں ہے یہاں خیر سے شر

ہم بھی کس معرکہء جنگ و جدل میں آئے

زندگی جن کے تصور سے جلا پاتی تھی

ہائے کیا لوگ تھے جو دام اجل میں آئے

××××